ہوں۔جن کی اسلام اور نظریہ پاکستان سے وفاداری کسی بھی شک وشبے سے بالا ہو۔

علماءِ امت کو بھی آگے بڑھ کر ملی شعور بیدار کرنا چاہیے۔یقین فرمایئے کہ سیکولر قوتیں اپنے مفادات کے حصول اور من پسند افراد کو قانون ساز اداروں میں پہنچانے کے لیے پوری محنت وقوت صرف کر رہی ہیں،ایسے میں دین پسند افراد کی جانب سے سستی اور غفلت آنے والے وقت میں بھیانک نتائج سامنے لاسکتی ہے۔''ووٹ''محض ایک پرچی کا نام نہیں بلکہ اس سے ہمارا مستقبل وابستہ ہے، یہ ایک امانت ہے،اس کا بغیر کسی گروہی، جماعتی، تنظیمی اور لسانی تعصب کے صحیح استعمال ہی مستقبل کے منظرنامے میں بہتری لاسکتا ہے۔

شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد حنیف جالندھری مدظلہم اسلامی نظریاتی کونسل کے رکن منتخب

پاکستان کے آئینی ادارے''اسلامی نظریاتی کونسل'' نے یکم جون کو جاری کردہ اپنے ایک نوٹیفکیشن میں ناظم اعلی وفاق المدارس العربیہ پاکستان و مدیر اعلیٰ ماہنامہ''وفاق المدارس''حضرت مولانا محمد حنیف جالندھری مدظلہم کو کونسل کا رکن منتخب کیا ہے۔

اسلامی نظریاتی کونسل ۷۳ء کے آئین کی دفعات ۲۲۷ تا ۲۳۱ کے تحت وجود میں آنے والا ادارہ ہے۔یہ نظریہ پاکستان کی تعبیر وتشریح کا اعلیٰ ترین ریاستی ادارہ ہے،اور ریاست پاکستان کی اسلامی بنیادوں پر تعمیر کا فکری امین ہے۔اسلامی نظریاتی کونسل کے تین بڑے کام ہیں:

۱......۷۳ء کے دستور کے بعد بننے والے قوانین کے بارے میں صدر، کسی گورنر یا قومی اسمبلی کی طرف سے پوچھے گئے سوالات کی روشنی میں سفارشات مرتب اور پیش کرنا۔

۲......اسلامی احکام کی اس انداز میں تدوین کرنا کہ انہیں براہ راست بطور قانون نافذ کیا جاسکے۔

۳...... پاکستان میں اسلامی معاشرے کی تشکیل نو کے بارے میں سفارشات مرتب کرنا اور مسلمانوں کی انفرادی اور اجتماعی زندگیاں قرآن وسنت کے مطابق ڈھالنے کے بارے میں ترغیب اور طریق سب شامل ہیں۔

حضرت مولانا محمد حنیف جالندھری مدظلہم کا بطور رکن اسلامی نظریاتی کونسل منتخب کیا جانا نہایت خوش آئند ہے۔آپ کی نامزدگی سے ملک بھر کے دینی حلقوں میں خوشی کی لہر دوڑ گئی اور اس بات پر اطمینان ہوا کہ حضرت جالندھری جیسے صاحبِ علم وفضل اور حق گو عالم دین کی کی کونسل میں موجودگی نہ صرف اس ادارے کو اصل اہداف پر گامزن رکھے گی بلکہ اس راہ سے آنے والی بعض نامناسب سفارشات کے آگے سد سکندری بھی ثابت ہوگی۔اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ بطور رکن آپ کی تقرری نہ صرف ادارے کے لیے بلکہ ملک وقوم کے لیے بھی خیر وبرکت کا باعث ہو......آمین!۔